**24.03.2024**
**13.50 Hrs**

**HL-OPENNING**

آداب
یہ آکاشوانی ہے
خبروں کے ساتھ میں .................. اصغرعلی

**Music**

☆ سرکار نے پیاز کی برآمدات پر پابندی میں مزید احکامات تک توسیع کردی ہے۔
☆ وزیرِ خزانہ نرملا سیتارمن نے کہا ہے کہ مناسب اور بروقت پالیسی فیصلے کرنے اور اقتصادی اصلاحات سے بھارت کو کووڈ بحران سے دور رہنے میں مدد ملی۔
☆ پاکستان کے وزیرِ خارجہ محمد اسحاق ڈار نے کہا ہے کہ اُن کا ملک بھارت کے ساتھ تجارتی رشتے بحال کرنے پر سنجیدگی سے غور کرے گا۔
☆ ماسکو میں دہشت گردانہ حملے میں ہلاک ہونے والوں کی تعداد 133 تک پہنچ گئی ہے۔
☆ اور کھیلوں میں مہاراشٹر کی ناہید Divecha نے پنچکُلا میں انڈین ماسٹرس نیشنل بیڈمنٹن چمپئن شپ میں سونے کے دو تمغے جیتے ہیں۔

اب خبریں تفصیل سے............

**Onion Export**

مرکز نے پیاز کی برآمدات پر پابندی میں مزید احکامات تک توسیع کردی ہے۔ ملک میں پیاز کی دستیابی بڑھانے اور اس کی قیمتوں کو بڑھنے سے روکنے کے لیے یہ فیصلہ کیا گیا ہے۔ غیرملکی تجارت سے متعلق ڈائریکٹوریٹ جنرل نے ایک نوٹیفکیشن میں کہا ہے کہ پیاز کی برآمدات پر پابندی اِس مہینے کی 31 تاریخ کو ختم ہونے والی تھی لیکن اب اسے مزید احکامات جاری ہونے تک بڑھا دیا گیا ہے۔
پچھلے سال دسمبر میں سرکار نے پیاز برآمد کرنے پر پابندی عائد کی تھی۔ البتہ الگ الگ کیس کی بنیاد پر دوست ملکوں کو پیاز برآمد کرنے کی اجازت دی گئی تھی۔

## Nirmala Sitharaman

وزیر خزانہ نرملا سیتارمن نے کہا ہے کہ مناسب اور بروقت پالیسی فیصلے کرنے اور اقتصادی اصلاحات سے بھارت کو کووڈ بحران سے دور رہنے میں مدد ملی۔ آج بنگلورو میں دانشوروں کے فورم کے ایک اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ بین الاقوامی برادری نے عالمی وَبا کے دوران بھارت کے رول اور اس بات کو بھی تسلیم کرلیا ہے کہ وہ آج کس طرح سب سے تیزرفتار کے ساتھ ترقی کرنے والی معیشت بن گیا ہے۔

سال 2020 اور 2022 کے درمیان کووڈ اور بعد میں روس-یوکرین لڑائی کے نتیجے میں دنیا بھر میں اقتصادی بحران کی کیفیت پیدا ہوگئی۔ اناج، ایندھن اور کیمیاوی کھاد کی قیمتوں میں اچھال آیا اور مالیے کی وصولیابی کم ہوگئی۔

کئی ملکوں نے بحران کے دوران اضافی کرنسی چلن میں اتار دی لیکن اب ان ملکوں کو افراط زر کی شرح میں اضافے کا سامنا ہے، مارکیٹ مانگ کم ہوگئی ہے، شرح سود بڑھ گئی ہے اور معیشت انحطاط کی جانب گامزن ہے۔

دوسری طرف بھارت نے غریبوں کو اناج فراہم کیا، MSME اداروں کا پوری طرح ساتھ دیا، خواتین اور بزرگ شہریوں کی بھرپور انداز سے مدد کی گئی، ویکسین کی خوراک فراہم کی گئی، اقتصادی اصلاحات سے نظام کو شفاف بنایا گیا اور کاروبار کرنے میں اور زیادہ سہولت پیدا کی گئی۔

چھوٹا کاروبار کرنے والے افراد، کسانوں اور ملک کے نوجوانوں نے جس طرح پختہ عزم کا مظاہرہ کیا، اُس سے معیشت میں فوراً ہی بحالی آگئی۔ وزیر خزانہ نے کہا کہ بھارت نے کووڈ بحران پر عبور حاصل کرنے کا جو فارمولہ اختیار کیا آج عالمی سطح پر اُسے تسلیم کیا جاتا ہے۔

## Maritime Operation

بحرِہند کے خطے میں سب سے پہلے کارروائی کرنے والے اور ترجیحی سیکورٹی ساجھیدار کے طور پر بھارتی بحریہ کی بحری کارروائی کا اہم رول رہا ہے۔ بھارتی بحریہ نے کل آپریشن سنکلپ کے تحت جاری بحری سیکورٹی کارروائی کے ایک سو دن مکمل کرلیے۔ یہ کارروائی 23 دسمبر کو شروع ہوئی تھی۔

بھارتی بحریہ نے اِس عرصے کے دوران 18 واقعات کے تناظر میں ضروری اقدامات کیے اور سب سے پہلے کارروائی کرنے کا رول ادا کیا۔ بھارتی بحریہ نے خلیج عدن اور ملحقہ علاقوں، بحیرۂ عرب اور صومالیہ کے مشرق میں بحری سیکورٹی کارروائی انجام دی۔ گزشتہ 100 دن کے دوران بحریہ کے بحری جہازوں، طیاروں اور خصوصی فورسیز نے اپنی کارکردگی کا مظاہرہ کیا اور سمندر کو محفوظ بنانے کا عزم کیا۔

آپریشن سنکلپ سے بھارت کے مفادات کا تحفظ کرنے نیز بحری خطرات سے نمٹنے اور قزاقی کے خطرے کو ناکام بنانے میں مدد ملی ہے۔

## Pakistan India Trade Ties

پاکستان کے وزیر خارجہ محمد اسحاق ڈار نے کہا ہے کہ اُن کا ملک بھارت کے ساتھ تجارتی رشتے بحال کرنے پر سنجیدگی سے غور کرے گا جو اگست 2019 سے معطل ہیں۔ جناب ڈار نے لندن میں ایک پریس کانفرنس میں کہا کہ پاکستانی کاروباری افراد بھارت کے ساتھ تجارت پھر شروع کرنے کے خواہشمند ہیں۔

اُن کے اِس بیان سے بھارت کے تئیں پاکستان کے سفارتی موقف میں ممکنہ تبدیلی کا اشارہ ملتا ہے۔

بھارت سرکار کی جانب سے آئین کی دفعہ 370 منسوخ کیے جانے، جموں وکشمیر کا خصوصی درجہ ختم کیے جانے اور ریاست کو مرکز کے زیر انتظام دو علاقوں میں بانٹے جانے کے بعد پاکستان نے بھارت کے ساتھ اپنے سفارتی تعلقات کی سطح کم کردی تھی۔

بھارت نے پاکستان پر یہ واضح کردیا تھا کہ جموں کشمیر اور لداخ پر مشتمل مرکز کے زیر انتظام دونوں علاقے بھارت کا اٹوٹ حصہ ہیں۔ بھارت نے زور دے کر یہ بھی کہا ہے کہ بھارت سرکار نے مرکز کے زیر انتظام علاقے جموں کشمیر میں سماجی اور معاشی ترقی اور اچھی حکومت کو یقینی بنانے کے لیے جو آئینی اقدامات کیے ہیں وہ بھارت کا اندرونی معاملہ ہے۔

## RUSSIA Death Toll

روس میں Crocus سٹی ہال پر ہوئے دہشت گردانہ حملے میں مرنے والوں کی تعداد بڑھ کر 133 تک پہنچ گئی ہے۔ روس کی تحقیقاتی کمیٹی کا حوالہ دیتے ہوئے، سرکاری میڈیا TASS نے خبر دی ہے کہ تلاشی کی کارروائی جاری ہے اور کنسرٹ ہال سے بکھری ہوئی چیزوں کو ہٹانے کا کام کیا جارہا ہے۔ روس کی وزارت صحت کے مطابق 147 افراد زخمی ہوئے ہیں۔ روس نے کہا ہے کہ اُس نے کُل چار بندوق برداروں سمیت 11 افراد کو گرفتار کیا۔

دولت اسلامیہ سے وابستہ دولت اسلامیہ خراسان صوبے ISIS-K نے Crocus سیٹی ہال پر ہوئے اِس حملے کی ذمہ داری قبول کی ہے۔ تاہم روس کی سکیورٹی سروس نے دعویٰ کیا ہے کہ حملہ آوروں کا رابطہ یوکرین سے تھا اور یہ حملہ آور پڑوسی ملک جارہے تھے۔

دوسری جانب یوکرین نے کہا ہے کہ اِس حملے میں یوکرین کے شامل ہونے کے الزامات غیر معقول اور مضحکہ خیز ہیں۔ اِسی دوران امریکہ نے کہا ہے کہ ISIS-K کا دعویٰ معتبر اور قابل اعتماد ہے اور اُس کا یقین ہے کہ یوکرین اِس حملے کا ذمہ دار نہیں ہے۔

## J&K TERROR MODULE

جموں و کشمیر میں، حفاظتی دستوں نے ممنوعہ دہشت گرد تنظیم جیش محمد سے تعلق رکھنے والے ایک بڑے دہشت گرد گروہ کا پردہ فاش کرتے ہوئے دہشت گردوں کے چارساتھیوں کو گرفتار کیا ہے۔ ان لوگوں کو سری نگر سے گرفتار کیا گیا۔ پختہ اطلاع کی بناء پر انجام دی گئی اس کارروائی کو سری نگر پولیس، پچاس راشٹریہ رائفلز، ویلی QRT اور CRPF کی 29 ویں بٹالین نے نوگام پولیس اسٹیشن کی حدود کے Kenihama علاقے میں مشترکہ طور پر انجام دیا۔

## HEALTH MINISTRY HOPITAL FIRES

وزارت صحت نے سبھی ریاستوں اور مرکز کے زیر انتظام علاقوں کو تحریر ایک مراسلہ میں کہا ہے کہ وہ گرمی کے مہینوں کے دوران اسپتالوں میںآگ لگنے کے واقعات سے بچنے کی غرض سے فوری اقدامات کریں۔ تمام ریاستوں اور مرکز کے زیر انتظام علاقوں کے چیف سکریٹریز کے نام ایک خط میں صحت کے سکریٹری اپوروا چندر نے کہا ہے کہ گرمی کے مہینوں کے دوران درجۂ حرارت بڑھ جانے کی وجہ سے اسپتالوں میں لگنے والی آگ ایک بڑا خطرہ بن گئی ہے۔ وزارت صحت نے ریاستوں اور مرکز کے زیر انتظام علاقوں سے کہا ہے کہ وہ ریاستی صحت محکمے اور قدرتی آفات کے بندوبست سے متعلق ریاستی اتھارٹیز کو ہدایت دیں کہ وہ قریبی تال میل کے ساتھ کام کریں تاکہ اِس بات کو یقینی بنایا جاسکے کہ اُن کے دائرۂ اختیار کے اندر آنے والے تمام تسلیم شدہ اسپتال آگ لگنے کے واقعات کی روک تھام کیلئے فوری اقدامات کریں۔

اِس میں مزید کہا گیا ہے کہ اسپتال آگ پر قابو پانے والے آلات مثلاً آگ بجھانے والے آلات، **Hydrants** اور الارم وغیرہ کا باقاعدگی سے معائنہ کرتے رہیں۔ اِس میں آگ بجھانے والے آلات کے استعمال کی میعادختم ہونے تاریخ کی جانچ، **Hydrants** تک رسائی کو یقینی بنانا اور پانی کا خاطرخواہ مقدار میں ہونا اور اسپتالوں میں فائر الارم کاٹھیک ٹھاک کام کرنا اور اسپتال کے سبھی حصوں میں اس کا قابل سماعت ہونا شامل ہیں۔

## PUNJAB SPURIOUS LIQUOR DEATH TOLL

پنجاب کے سنگرور ضلعے کے کئی گاؤوں میں مبینہ طور پر زہریلی شراب پینے سے مرنے والوں کی تعداد بڑھ کر **21** ہوگئی ہے۔ جبکہ **20** سے زیادہ افراد اسپتالوں میں بھرتی ہیں، جن میں سے کچھ کی حالت نازک ہے۔

بھارت کے انتخابی کمیشن نے اس معاملے میں پنجاب کے چیف الیکٹورل افسر کے ذریعے چیف سکریٹری اور **DGP** سے ایک رپورٹ طلب کی ہے۔

اس دوران، اس پورے معاملے کی تہہ تک پہنچنے کے لیے ریاستی پولیس نے چارممبران پر مشتمل ایک خصوصی تحقیقاتی ٹیم، **SIT** تشکیل دی ہے، جس کی قیادت ایڈیشنل ڈائریکٹر جنرل آف پولیس **Law and Order** گریندر سنگھ ڈھلوں کریں گے۔ جناب ڈھلوں اس معاملے کی سائنسی اور پیشہ وارانہ بنیادوں پر جانچ کی نگرانی کریں گے۔

## Singapure Embessy Holi

ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں، بھارت میں سنگاپور کے سفارت خانے نے آج ہولی کی مبارکباد پیش کی ہے۔بھارت میں سنگاپور کے ہائی کمشنرجناب **Simon-Wong** نے اپنی اس خواہش کا اظہار کیا کہ یہ تہوار سبھی کے لئے امن اور خوشیاں لے کر آئے گا۔ انہوں نے اترپردیش میں **Barsana** سے ہولی کی تقریبات کی تصویریں بھی شیئر کیں۔ ہولی کی یہ مبارکباد ایسے وقت میں دی گئی ہے جب وزیر خارجہ ایس جے شنکر، سنگاپور، فلی پینس اور ملیشیا کے سرکاری دورے پر ہیں۔

## UP Fire

اترپردیش کے میرٹھ ضلع کے Pallavapuram علاقے میں کل ایک مکان میں آگ لگنے سے چار بچوں کی موت ہوگئی جبکہ اُن کے والدین زخمی ہوگئے۔ زخمیوں کو اسپتال پہنچایا گیا جہاں علاج کے دوران بچوں کی موت ہوگئی۔ اُن کے والد خطرے سے باہر ہیں لیکن والدہ کی حالت نازک بتائی گئی ہے۔

پولیس کے مطابق بجلی کے تاروں میں آگ لگنے سے یہ آگ بھڑکی۔ اُس وقت ایک موبائل فون چارج کیا جارہا تھا۔

## Badminton Naheed

مہاراشٹر کی ناہید Divecha نے پنچکُلا میں انڈین ماسٹرس نیشنل بیڈمنٹن چمپئن شپ میں سونے کے دو تمغے جیتے ہیں۔ وہ باہبے جم خانہ کی ممبر ہیں اور شٹل Craze اکیڈمی سے وابستہ ہیں۔ ناہید Divecha نے کل ہریانہ کی سُنیتا سنگھ Panwar کو سیدھے سیٹوں میں ہراکر خواتین کا سنگلز ٹائٹل جیتا۔

بعد میں انہوں نے Kiran Mokade کے ساتھ ملکر مکسڈ ڈبلز کا ٹائٹل بھی حاصل کرلیا۔ ناہید اور کِرن نے فائنل میں کرناٹک کے Prabagran Subbaiyan اور جے شری رگھو کی جوڑی پر شاندار کامیابی حاصل کی۔

## Thomas and Uber Cup

بیڈمنٹن ورلڈ فیڈریشن نے چین کے شہر Chengdu میں ہونے والے 2024 کے تھامس اور Uber کپ ٹورنامنٹس کے لیے کھیل مقابلوں کا اعلان کردیا ہے۔

پچھلی بار کے چمپئن بھارتی مردوں کی ٹیم کو ٹورنامنٹ کی سب سے کامیاب ٹیم انڈونیشیا کے ساتھ رکھا گیا ہے۔ گروپ سی میں بھارت کا سامنا تھائی لینڈ اور انگلینڈ سے بھی ہوگا۔

بھارت نے سال 2022 میں بینکاک میں انڈونیشیا پر شاندار جیت کے ساتھ تھامس کپ حاصل کرکے تاریخ رقم کی تھی۔

اِدھر Uber کپ میں بھارتی خواتین کی بیڈمنٹن ٹیم کو گروپ اے میں رکھا گیا ہے۔ دیگر ٹیموں میں چین، کناڈا اور سنگاپور شامل ہیں۔

## Table Tennis

ٹیبل ٹینس میں آج لبنان میں WTT فیڈر بیروت دوئم ٹورنامنٹ میں مکسڈ ڈبلز کے فائنل میں بھارت کے ساتھیان گناناشیکھرن اور منیکا بترا کا سامنا اپنے ہموطن آکاش پال اور Poymantee Baisya سے ہونے والا ہے۔ یہ میچ بھارتی وقت کے مطابق شام چار بجکر چالیس منٹ پر شروع ہوگا۔

مردوں کے ڈبلز فائنل میں بھی دونوں جوڑیاں بھارتی کھلاڑیوں پر مشتمل ہوں گی۔ اس میں مانُش اُتپل بھائی شاہ اور Manav وکاس ٹھکّر کا سامنا Mudit Dani اور آکاش پال کی جوڑی سے ہوگا۔

خواتین ڈبلز میں **Sreeja Akula** اور دِیا پراگ چِتالے کی جوڑی کا مقابلہ ہانگ کانگ کی جوڑی سے ہوگا۔
اِدھر خواتین سنگلز کے سیمی فائنل میں **Sreeja Akula** جنوبی کوریا کی **Suh Hyo Won** سے مقابلہ کریں گی جبکہ مردوں کے سنگلز سیمی فائنل میں ساتھیان کا سامنا قزاخستان کے **Kirill Gerassimenko** سے ہوگا۔

☆☆☆